معاہدہ مابین فریقین

✓ 1۔ حالیہ گستاخیوں میں ملوث گستاخان رسول وگستاخان مقدسات اسلام کا غیر جانبدارانہ ٹرائل چلا کر انہیں کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا نیز سزا یافتہ ملزمان کی اپیلوں کا فیصلہ بھی اسپیڈی کرایا جائے گا۔

✓ 2۔ سوشل میڈیا سے گستاخانہ اور غیر مہذب مواد ہٹانے کیلئے فلٹریشن نظام لگایا جائے گا۔

✓ 3۔ مقدسات اسلام کی تضحیک کو روکنے کیلئے پہلے سے موجود ادارہ کی صلاحیت اور استعداد کو مزید بڑھایا جائے گا تا کہ وہ اپنے کام کو موثر طریقے سے سرانجام دے سکے، نیز ایف آئی اے کے تحت Counter Blasphemy Wing کا باقاعدہ قیام عمل میں لایا جائے گا۔

✓ 4۔ 295 سی کے ملزمان پر ATA7 کا اطلاق بھی کیا جائے گا۔

✓ 5۔ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائی کیلئے وزارت خارجہ 3 Working Days میں امریکی حکومت کے نام خط جاری کرے گا اور اُن کی وطن واپسی کے لیے حکومت مزید سنجیدہ اقدامات اٹھائے گی۔

✓ 6۔ اردو کو بطور سرکاری و دفتری زبان مزید ترویج دی جائے گی۔

✓ 7۔ تحریک لبیک پاکستان کے خلاف پیمرا اور پی ٹی اے کے تمام نوٹیفیکیشنز کو ڈی نوٹیفائی کیا جائیگا۔

✓ 8۔ حکومت پاکستان، تحریک لبیک پاکستان کے کارکنان وذمہ داران پر درج تمام سیاسی مقدمات کا اخراج کرے گی۔

✓ 9۔ وزارت داخلہ تحریک لبیک پاکستان سے متعلق ایک خط جاری کرے گی جس میں ان امور کی صراحت ہوگی کہ تحریک لبیک پاکستان دہشت گرد تنظیم نہیں بلکہ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے تحت رجسٹرڈ ایک سیاسی جماعت ہے، اس جماعت پر حکومت کی طرف سے سوشل میڈیا اور دیگر ذرائع ابلاغ پر کسی بھی قسم کی کوئی پابندی عائد نہیں ہے، بلکہ دیگر سیاسی جماعتوں کی طرح انہیں بھی مکمل آزادی حاصل ہے۔

✓ 10۔ تحریک لبیک کے ذمہ داران وکارکنان جن کو فورتھ شیڈول سے نکالا جا چکا ہے ان پر عائد تمام پابندیاں اٹھادی جائیں گی، اس متعلق حکومت پاکستان صوبائی حکومتوں کو ہدایات جاری کرے گی۔

✓ 11۔ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی لانے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے ٹی ایل پی کے مطالبہ کے تناظر میں یہ طے پایا کے آئندہ پیٹرولیم کی قیمتوں کے تعین میں درج ذیل عوامل:

i۔ قیمتوں میں بین الاقوامی سطح پر کمی

روس سے سستے تیل کی درآمد

iii۔ روپے کی قدر میں بہتری

کا 100% فائدہ عوام کو منتقل کیا جائے گا، جبکہ 30 جون 2023 کو پہلے مرحلے میں تحریک لبیک پاکستان کے مطالبے کے مطابق قیمتوں میں کمی کی جائے گی نیز 15 جولائی 2023 کو دوسرے مرحلے میں بھی کمی کی جائے گی۔

12۔ اس معاہدہ پر عملدرآمد کے لئے ایک مشترکہ کمیٹی تشکیل دی گئی جس میں تحریک لبیک پاکستان چار نام دے گی جبکہ حکومت پاکستان کی جانب سے وزارت داخلہ، پی ٹی اے، ایف آئی اے، منسٹری آف انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی اور صوبائی محکمہ داخلہ کے نمائندے شامل ہیں۔

فریق اول
رانا ثناء اللہ خان
وفاقی وزیر داخلہ
16/6/23

فریق دوئم
ڈاکٹر محمد شفیق امینی
رکن شوریٰ تحریک لبیک پاکستان

16/6/23
سردار ایاز صادق
وفاقی وزیر برائے سیاسی امور

علامہ غلام عباس فیضی
رکن شوریٰ تحریک لبیک پاکستان